## سوال

(156) میت کو قبر میں کس جانب سے داخل کرنا چاہیے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میت کو قبر میں کس جانب سے داخل کرنا سنت ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میت کو قبر میں ٹانگوں والی جانب سے اتارنا سنت ہے، ابو اسحاق فرماتے ہیں حضرت حارث رضی اللہ عنہ نے وصیت فرمائی کہ ان کی نماز جنازہ عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ پڑھائیں، چنانچہ انہوں نے نماز جنازہ پڑھائی پھر انہیں قبر کی ٹانگوں والی طرف سے قبر میں داخل کیا اور فرمایا یہ مسنون طریقہ ہے (ابوداؤد کتاب الجنائز باب فی المیت یدخل من قبل رجلیہ 3211 بیہقی 4/54) جب صحابی رسول کسی بات کے بارے کہے کہ یہ سنت میں سے ہے تو اس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہی ہوتی ہے امام ابن سیرین رحمۃ اللہ فرماتے ہیں : "میں انس رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ایک جنازے میں تھا ان کے فرمانے پر میت کی ٹانگوں کی طرف سے اسے قبر میں اتارا گیا۔" (مسند احمد 1/429 ابن ابی شیبہ 4/130)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

**کتاب الجنائز، صفحہ: 212**

محدث فتویٰ